ڈائریکٹر پریس سندھ پولیس آفس۔ فون:۔021-99212639

پریس ریلیز

کراچی 23 جولائی 2019ء۔

آئی جی سندھ ڈاکٹر سید کلیم امام کی رہنما ہدایات کے تناظر میں محکمہ پولیس سندھ کے ملازمین کی فلاح و بہبود جیسے اقدامات کا سلسلہ جاری ہے۔اے آئی جی ویلفیئر سندھ ڈاکٹر رضوان احمد نے اس ضمن میں جولائی 2018ء تا مارچ 2019ء گذشتہ نو ماہ پر مشتمل شہدائے پولیس، مرحوم پولیس ملازمین کے ورثاء سمیت سرونگ پولیس افسران و جوانوں کے لیئے اُٹھائے جانیوالے فلاح و بہبود کے اقدامات کی تفصیلات کا احاطہ کیا جو درج ذیل ہے۔

- ☆ 5435 پولیس بیواؤں کو 5000 ماہانہ فی کس کے حساب سے 27 کروڑ 46 لاکھ 38 ہزار 8 سو 33 روپے ادا کیئے گئے جس میں پچھلے بقایا جات بھی شامل ہیں۔
- ☆ 1385 مرحوم اور شہید پولیس افسران اور جوانوں کی تجہیز و تکفین کی مد میں 5 کروڑ 42 لاکھ 50 ہزار روپے انکے لواحقین کو ادا کیئے گئے۔
- ☆ 3346 پولیس ملازمین کو ریٹائرمنٹ/گرانٹ کی مد میں 04 کروڑ 48 لاکھ 24 ہزار 4 سو چالیس روپے ادا کیئے گئے۔
- ☆ بچوں کی شادی کے لیئے 205 پولیس ملازمین کو میرج گرانٹ کی مد میں 67 لاکھ 35 ہزار روپے دیئے گئے۔
- ☆ تعلیمی میدان میں مختلف بورڈز کے تحت امتیازی پوزیشن کے حامل 05 پولیس ملازمین کے بچوں کو 21 لاکھ روپے ادا کیئے گئے۔
- ☆ 13 پولیس ملازمین کے بچوں کو اسکالرشپ کی مد میں 12 لاکھ 88 ہزار 7 سو 15 روپے ادا کیئے گئے۔
- ☆ 18 پولیس ملازمین کو طبی امداد کی مد میں 81 لاکھ 56 ہزار 3 سو 18 روپے ادا کیئے گئے۔
- ☆ دوران ڈیوٹی شدید زخمی ہونیوالے 10 پولیس اہلکاروں کے علاج کی مد میں 2 لاکھ 73 ہزار 5 سو روپے کے اخراجات ہوئے۔
- ☆ فرائض کے دوران معذور ہونیوالے 03 پولیس ملازمین کے لیئے مصنوعی ٹانگ کی مد میں 01 لاکھ 90 ہزار 5 سو روپے کے اخراجات آئے۔
- ☆ 10 سال سے کم سروس کے دوران انتقال کر جانیوالے 35 پولیس ملازمین کی بیواؤں کو 25 ہزار ماہانہ کے حساب سے 08 لاکھ 75 ہزار روپے ادا کیئے جا رہے ہیں۔
- ☆ دوران ڈیوٹی زخمی اور معذور ہو جانے والے دس پولیس ملازمین کیلئے خصوصی آلٹر بائیکس فی کس ایک لاکھ بیس ہزار کے حسب سے 12 لاکھ کمپنی کو ادا کیئے گئے۔
- ☆ شدید زخمی 05 پولیس ملازمین کو 20 ہزار روپے کے خصوصی میٹرس (گدے) فراہم کیئے گئے۔
- ☆ 100 زخمی/غازی پولیس ملازمین کو دس ہزار روپے فی کس کے حساب سے 10 لاکھ روپے ادا کیئے گئے۔
- ☆ قومی بچت میں تین سالہ مدت کے لیئے 50 کروڑ روپے جبکہ نیشنل بینک آف پاکستان میں 20 کروڑ روپے رکھوائے گئے۔
- ☆ شہدائے پولیس ٹی ٹوئنٹی کرکٹ ٹورنامنٹ کے انتظامات پر 6 لاکھ 49 ہزار 5 سو روپے کی ادائیگی کی گئی۔
- ☆ تھائی مارشل آرٹ گیمز میں حصہ لینے کے لیئے کانسٹیبل خان سعید کو 10 لاکھ روپے اخراجات کی مد میں ادا کیئے گئے۔

-:-:-:-:-:-:-:-:-:-:-:-